© rasailojaraid.com



نے اردو، فارسی، عربی اور انگریزی کے تمام دست یاب مراجع سے استفادہ کیا ہے اور حوالوں کا خصوصی اہتمام کیا ہے۔ ان کی تحریر میں سنجیدگی، متانت اور تحقیقی انداز پایا جاتا ہے۔ امید ہے، علمی حلقوں میں اس کتاب کی پذیرائی ہوگی۔

(محمد رضی الاسلام ندوی)

## فکری غلطی مفتی عتیق احمد قاسمی بستوی

ناشر: معہد الشریعۃ، لکھنو، ob:9839776083، ۲۰۱۴ئ، صفحات: ۵۵۲، قیمت: ۔/۳۰۰

اس کتاب کے مصنف مولانا عتیق احمد قاسمی دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنو میں حدیث وفقہ کے استاد ہیں۔ اسلامک فقہ اکیڈمی کے سکریٹری اور آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی مجلس عاملہ کے رکن ہیں۔ فقہ میں آپ کو اختصاص حاصل ہے۔ ہندوستان میں نفاذِ شریعت، زکوٰۃ کے مصارف، زکوٰۃ اور مسئلۂ تملیک، ہندوستان اور نظامِ قضا، ہندوستان میں مسلم پرسنل لا کا مسئلہ، اسلامی نکاح آپ کی اہم تصانیف ہیں۔

یہ کتاب اصلاً مختلف موضوعات ومباحث پر مولانا وحید الدین خان کے افکار و خیالات کا بے لاگ محاکمہ و جائزہ ہے۔ اس کی اولین اشاعت ۱۹۹۰ء میں ہوئی تھی۔ اس کے بعد ہند و پاک میں اس کے متعدد ایڈیشن منظر عام پر آئے۔ اب مصنف کی نظر ثانی اور اضافوں کے ساتھ اس کی نئی اشاعت عمل میں آئی ہے۔

وحید الدین خاں صاحب کے قلم سے متعدد مفید اور قابلِ قدر کتابیں نکلی ہیں، لیکن اپنے بعض دین سے منحرف اور شاذ افکار ونظریات کی وجہ سے ان کی شخصیت مسلمانوں میں متنازعہ بن گئی۔ انھوں نے علمائے سلف، فقہاء ومجتہدین، معاصر شخصیات اور تحریکات پر سخت تنقیدیں کی ہیں۔ متعدد آیات قرآنی اور احادیث نبوی کی تشریح میں بے جا اور دور از کار تاویلوں کا سہارا لیا ہے۔ صلح حدیبیہ، تصورِ دین، تصورِ جہاد، علاماتِ قیامت اور مسئلۂ فلسطین وغیرہ پر ان کے افکار جمہورِ امت سے ہٹے ہوئے ہیں۔ اسی وجہ سے امت میں انھیں اعتبار نہ حاصل ہو سکا۔



© rasailojaraid.com